سوال

احرام کی چادر پہننے کی کیفیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا محرم کےلیے دونوں کندھے ڈھانپنا افضل ہے یا بحالت احرام ایک کندھا ننگا رکھنا افضل ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنت یہ ہے کہ محرم اوپر کی چادر کو دونوں کندھوں کے اوپر کرکے ان کے کناروں کواپنے سینے کے اوپر کرلے، چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح کیا تھا ہاں البتہ طواف قدوم کے موقع پر اپنی چادر کے وسط کو اپنی دائیں بغل کےنیچے سے نکال کر اس کے کناروں کواپنے بائیں کندھے پرڈال لے اور دائیں کنڈھے کو ننگا کرلے اور یہ صرف طواف قدوم یعنی حج یا عمرہ کےلیے مکہ مکرمہ میں آکر جوسب سے پہلا طواف کیا جاتا ہے، اس کے ساتھ خاص ہے، لہذا طواف قدوم سے فراغت کے بعد چادر کودرست کرکےاپنے دونوں کندھوں پرکرلے اور طواف کی دورکعتیں پڑھے، جو شخص ہر وقت اپنے کندھے کو ننگا رکھتا ہے تو یہ خلاف سنت ہے، اسی طرح دونوں کندھوں کو ننگا رکھنا بھی خلاف سنت ہے ۔

سنت یہ ہے کہ حالت احرام میں چادر کے ساتھ دونوں کندھوں کوچھپایا جائے، ہاں البتہ کوئی چادر اتار دے اور بیٹھتے یا کھانا کھاتے یااپنے بھائیوں کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے اس کے کندھے ننگے ہوں تواس میں کوئی حرج نہیں لیکن سنت یہ ہے کہ جب چادرپہنے تووہ اس کے کندھوں پراوراس کے کنارے اس کے سینے پرہوں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی